سبق - 1

عقائد

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

قرآن

جب ہم یہ پڑھتے ہیں تو شیطان کے حملوں سے محفوظ ہوجاتے ہیں:

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

حدیث

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلَاةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ بِهَا عَشْرًا. (مسلم: 384)

ترجمہ: جو کوئی مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس پر اس کے بدلے دس رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

دعا

سونے سے پہلے یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ أَمُوْتُ وَأَحْيَا

ترجمہ: اے اللہ! آپ کے نام سے میں مرتا ہوں اور زندہ ہوتا ہوں۔

سیرت رسول ﷺ

ہمارے پیارے نبی کا نام "محمد" ہے، آپ ﷺ کے ابو کا نام "عبد اللہ" اور امی جان کا نام "آمنہ" تھا۔ جب بھی ہم اپنے پیارے نبی کا نام سنیں یا بولیں تو ہمیں "صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم" بولنا چاہیے۔

ہدایت برائے اساتذہ: طلبہ کو "صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم" (ﷺ) یاد کروائیں۔

اخلاق وآداب

ہمارے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ دائیں کروٹ پر سویا کرتے تھے، ہمیں بھی دائیں کروٹ پر سونے کی عادت ڈالنا چاہیے۔